PRESS RELEASE

# الیکشن کمیشن آف پاکستان

## پریس ریلیز

مورخہ: 31 اکتوبر 2025ء

آج پنجاب کے بلدیاتی انتخابات کے انعقاد کے سلسلے میں الیکشن کمیشن سیکرٹریٹ میں الیکشن کمیشن کا اہم اجلاس جناب سکندر سلطان راجہ چیف الیکشن کمشنر کی صدارت میں ہوا۔ اجلاس میں معزز ممبران الیکشن کمیشن، سیکرٹری الیکشن کمیشن، پنجاب گورنمنٹ کی طرف سے چیف سیکرٹری پنجاب، سیکرٹری لوکل گورنمنٹ پنجاب اور الیکشن کمیشن وپنجاب گورنمنٹ کے دیگر اعلیٰ افسران نے شرکت کی۔

چیف الیکشن کمشنر نے پنجاب گورنمنٹ کے نمائندگان کو بتایا کہ پنجاب میں بلدیاتی انتخابات کا انعقاد پنجاب گورنمنٹ اور الیکشن کمیشن کی ذمہ داری ہے۔ پنجاب گورنمنٹ اپنی اس ذمہ داری کو پورا کرے، الیکشن کمیشن کو ضروری رولز، ڈیٹا، نوٹیفکیشن اور نقشہ جات مہیا کرے تاکہ الیکشن کمیشن حلقہ بندی کے لیے بروقت اقدامات اُٹھائے اور اپنی آئینی و قانونی ذمہ داری سے عہدہ براء ہو۔

چیف سیکرٹری پنجاب نے الیکشن کمیشن کو بریف کیا کہ صوبائی حکومت پنجاب بلدیاتی انتخابات کے انعقاد میں مخلص ہے اور لوکل گورنمنٹ ایکٹ 2025 کے تحت حلقہ بندی رولز کا ڈرافٹ الیکشن کمیشن کو دے دیا گیا ہے۔ جس پر چیف الیکشن کمشنر نے دفتر کو ہدایت کی کہ ڈرافٹ رولز پر اپنی رائے فوری طور پر صوبائی حکومت پنجاب کو دیں۔

چیف سیکرٹری پنجاب نے مزید بریف کیا کہ لوکل گورنمنٹ کنڈکٹ آف الیکشن رولز کا ڈرافٹ 15 نومبر 2025 تک الیکشن کمیشن کو بھیج دیا جائے گا تاکہ الیکشن کمیشن اُس پر اپنی تجاویز دے سکے۔ اسکے علاوہ صوبائی حکومت ڈیمارکیشن نوٹیفکیشن وٹاؤن کارپوریشن، میونسپل کارپوریشن، میونسپل کمیٹی اور تحصیل کونسل کی درجہ بندی کے نوٹیفکیشن 22 دسمبر 2025 تک الیکشن کمیشن کو مہیا کر دے گی۔ مزید یونین کونسلوں کی تعداد کے نوٹیفکیشنز 31 دسمبر تک الیکشن کمیشن کو دے دیئے جائیں گے اور اسکے ساتھ ساتھ ہر ٹاؤن کارپوریشن، میونسپل کارپوریشن، میونسپل کمیٹی اور تحصیل کونسل کے مصدقہ نقشہ جات بھی 10 جنوری 2026 تک الیکشن کو مہیا کر دیئے جائیں گے اُس کے بعد الیکشن کمیشن حلقہ بندی کا آغاز کر سکتا ہے۔

چیف سیکرٹری پنجاب کی بریفنگ کے بعد الیکشن کمیشن نے چیف سیکرٹری پر زور دیا کہ مذکورہ بالا تمام امور تجویز کردہ شیڈول کے مطابق ہر صورت مکمل کیئے جائیں۔

ترجمان الیکشن کمیشن

*Office Telephone:* (+92)(51) (9205611)
*Fax:* (+92)(51) (9205300)
*Address:*
Election Commission Of Pakistan Secretariat, Election House,
Constitution Avenue, G-5/2, Islamabad

*Free, Fair, Transparent & Inclusive Elections*

**MEDIA COORDINATION & OUTREACH WING**